کالج آف لائف اینڈ انوائرومینٹل سائنسیس

ڈیپارٹمنٹ آف جیوگرافی

ایموری بلڈنگ
رینیس ڈرائیو
ایکسیٹر، EX4 4RJ

ای asyfair@exeter.ac.uk
ویب www.asyfair.com

# پناہ گزینی کی اپیلوں کا پراجیکٹ ASYFAIR : یورپ کے اندرپناہ گزینی سے متعلق عدالتی فیصلوں کے بارے میں ایک شفاف اور با اصول تحقیق

## میں کون ہوں؟

میں یونیورسٹی کا ایک محقق ہوں۔ میں کئی ایک یورپی ممالک میں اس بات کا جائزہ لینے کے لیے تحقیق کر رہا ہوں کہ آیا پناہ گزینی کے دعوؤں کے بارے میں فیصلے کرنے کا عدالتی عمل پورے یورپ میں ایک جیسا ہے۔ یہ ایک خود مختار تحقیق ہے جس کو یورپ کی ریسرچ کونسل (ای آر سی) کی مالی مدد حاصل ہے اوراس کو برطانیہ کی ایکسیٹر یونیورسٹی کے ہیومن جیوگرافی ڈیپارٹمنٹ کے پروفیسر نک گیل کی سربراہی میں اانجام دیاجا رہا ہے۔ میں یورپ کے اندر کسی بھی حکومتی ادارے یا میڈیا کی تنظیموں کا حصہ نہیں ہوں۔

یہ تحقیق سال 2021 تک چلے گی اور اس میں پناہ گزینی کے بارے میں اپیلوں کی سماعتوں کا مشاہدہ کیا جائے گا۔ تحقیق سے وابستہ تمام تر سرگرمیاں پیشہ وارانہ معیارات کے طےکردہ اخلاقی اصولوں کے مطابق ہیں اور ان کا جائزہ یورپین ریسرچ کونسل اوریونیورسٹی آف ایکسیٹرلیتی ہے۔

## میں کیا کام کر رہا ہوں؟

آج میں عدالت کے سرکاری ایریا سے عدالتی کاروائی کو دیکھنے کے لیے یہاں پر موجود ہوں۔ یورپی ممالک کے حکام کو اس تحقیق کے بارے میں آگاہ کر دیا گیا ہے۔ میں دوران سماعت عدالتی کارروائی کے بارے میں نوٹس لے رہا ہوں تاکہ ہم ان کا موازنہ مختلف ممالک کے اندر مختلف عدالتوں میں ہونے والی سماعتوں کے ساتھ کر سکیں۔ اس پراجیکٹ کا مقصد یہ سمجھنے کے لیے کافی مقدار میں معلومات حاصل کرنا ہے کہ جج حضرات اور پناہ گزینی کے عمل سے وابستہ دیگر افراد پناہ گزینی کی درخواستوں کے طریقہ کار کو کس طرح منصفانہ بناتے ہیں۔

میں طریق کار، دوران سماعت کیے جانے والے سوالات و جوابات، دعووں کی حمایت میں شہادت، اور دوعوؤں کے خلاف شہادت کے بارے میں نوٹس لونگا۔ آپ میری طرف سے حاصل کردہ نوٹس ملاحظہ فرما سکتے ہیں (ترجمعہ کا انتظام کیا جا سکتا ہے) اگر میں نے آپ کی سماعت کا مشاہدہ کیا تو میں خاموش اور باادب رہوں گا جبکہ آپ کسی بھی وقت مجھے چلے جانے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں۔

## آپ کے لیے تحقیق کا حصہ ہونا ضروری نہیں ہے

میں اپنی تحقیق کے سلسلہ میں ایک سو سے زیادہ سماعتوں میں شامل ہوں گا۔ اس تحقیق میں حصہ لینے پرکسی بھی قسم کی کوئی پابندی نہیں ہے، اور اگرآپ تحقیق سے الگ ہونے کا فیصلہ کریں تواس کے بھی کوئی اثرات نہیں ہیں۔ اگرآپ چاہتے ہیں کہ میں کسی بھی طرح سے آپ کی سماعت کا مشاہدہ نہ کروں تو آپ مجھے چلے جانے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں۔

## اگرآپ اپنا ارادہ بدل دیں تو کیا ہو گا؟

اگرآپ مجھے مشاہدہ کرنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کرتے ہیں لیکن بعد ازاں اپنا ارادہ تبدیل کردیتے ہیں تو آپ کسی بھی وقت میری طرف سے اکٹھی کردہ معلومات واپس لے سکتے ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ ہم سماعت کے مخصوص پہلوؤں کو اپنے پاس رکھیں تو ہمیں اس بارے میں آگاہ فرمائیں۔ آپ کے لیے وجوہات کی وضاحت کرنا ضروری نہیں ہے جبکہ ہم آپ کے فیصلے کا احترام کریں گے۔ الگ ہونے کا کوئی حرجانہ نہیں ہے۔ صرف ہمیں بتا دیں۔

اگر آپ الگ ہونا چاہتے ہوں توآپ ہمیں سماعت سے قبل یا بعد میں ذاتی طور پر مطلع کرسکتے ہیں، یا سماعت کے بعد بھی مخلتف طریقوں سے آپ ہمارے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں: تحقیق کاروں کو ای میل کرتے ہوئے (پراجیکٹ کا ای میل ایڈریس یہ ہے ( asyfair@exeter.ac.uk یونیورسٹی آف ایکسیٹرکے ایتھیک آفیسر کو بذریعہ ای میل (g.m.seymour@exeter.ac.uk) بذریعہ ڈاک (پروفیسرنک گیل جو کہ پراجیکٹ کے لیڈ ریسرچر ہیں ان کا پتہ ذیل میں دیا گیا ہے) یا آپ فون بھی کر سکتے ہیں (ٹیلیفون نمبرز ذیل میں دیئے گئے ہیں)۔

## کیا اس کے کوئی خطرات موجود ہیں؟

میری طرف سے آپ کی سماعت کا مشاہدہ کرنے کے کوئی خطرات نہیں ہیں اورآپ کی سماعت پراس کا کوئی اثر نہیں ہو گا۔ تجربہ کار تحقیق کاروں کے ایک گروپ نے ہمارا طریق کار ملاحظہ کیا ہے اور انہوں نے ہمیں بتایا ہے کہ یہ اخلاقی معیار کے مطابق اور مناسب ہے۔ ASYFAIR کی تحقیقی ٹیم محتاط، پرسکون اور دوستانہ ماحول پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

## کیا حصہ لینے سےکوئی فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

اس تحقیق میں حصہ لینے کی وجہ سے آپ کے لیے مختصر مدت کے کوئی فوائد نہیں ہیں۔ یعنی آپ کی شمولیت کی وجہ سے سماعت پرکوئی منفی یا مثبت اثرات مرتب نہیں ہوں گے۔ تاہم یہ تحقیق پناہ گزینی سے متعلق اپیلوں کے نظام کی طرف توجہ مبذول کرواتے ہوئے مستقبل میں پناہ گزینی کے طلب گار افراد کی زندگیوں کو بہتر بنا سکتی ہے۔

## درج شدہ معلومات کے بارے میں کیا ہو گا؟

اکٹھی کردہ معلومات کا تجزیہ اس امر کا جائزہ لینے کے لیے کیا جائے گا کہ آیا پناہ گزینی کی اپیلوں کی سماعت کرنے کے طریقے موجود ہیں۔ ڈیٹا کو محفوظ طریقے سے منتقل کر کے ذخیرہ کیا جائے گا جبکہ اس کو مکمل طور پر بے نام رکھا جائے گا، جس کا مطلب ہےکسی بھی چیز کے ذریعے، جس کو تحقیق کے حصہ کے طور پر شائع کیا جائے گا، آپ کی شناخت کرنا ممکن نہیں ہو گا۔ اس میں شناخت میں مدد دینے والے نام اور جگہیں نکال دینے کے علاوہ جہاں پر ممکن اور مناسب ہو خلاف معمول واقعات اور خصوصیات کو تبدیل کر دینا بھی شامل ہے۔

بےنام ڈیٹا کوتعلیمی تحقیق سے متعلق رپورٹ کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا جو کہ تعلیمی جریدوں میں شائع ہوگی اور تعلیمی کانفرنسوں میں اس پر بات چیت کی جائے گی۔ علاوہ ازیں چونکہ اس مطالعہ کا مقصد پناہ گزینی سے متعلق عدالتی فیصلوں کو بہتر بنانا ہے اس لیے ہم بے نام ڈیٹا پالیسی سازوں،عوام اور میڈیا کوپیش کرنے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ ڈیٹا پناہ گزینی کے بارے میں فیصلہ کرنے والوں کو نہیں دیاجائے گا اور نہ ہی یہ مشاہدے سے گزرنے والے پناہ گزینی کے دعوؤں یا مقدمات پر اثر انداز ہو گا۔ آپ ذیل میں درج کردہ ٹیم کے ساتھ ای میل کے ذریعے ڈیٹا کے بارے میں رابطہ رکھ سکتے ہیں۔

ہم مکمل طور پر بے نام بنائے گئے ڈیٹا کومستقبل کے تحقیقی پراجیکٹ میں دوبارہ استعمال کے لیے دستیاب کر سکتے ہیں۔ اس ڈیٹا کو بے نام کر دیا جائے گا اور اس میں کوئی بھی ایسی معلومات شامل نہیں ہوں گی جن سے آپ یا دیگر افراد کی شناخت ہو سکتی ہو۔ بے نام تحقیقی معلومات کو محفوظ ذخیرہ کے اندر دس سال تک رکھا جائے گا کیونکہ یہ یونیورسٹی آف ایکسیٹر کو مطلوب ہے۔ اس کے بعد اس کو محفوظ طریقہ سے تلف کر دیا جائے گا۔

## آپ کی خلوت کا تحفظ کس طرح ہو گا؟

ہم ڈیٹا کےاندر کسی بھی جگہ پرآپ کا نام، تاریخ پیدائش یا پتہ درج نہیں کریں گے۔ اس مطالعہ پر کام کرنے والے تمام تحقیق کارآپ کی خلوت کا احترام کریں گے اور صرف وہی ذاتی ڈیٹا حاصل کریں گے جو کہ تحقیق کے لیے

انتہائی لازمی ہو گا۔ جو تحقیق کار معلومات کا استعمال کریں گے ان کو رازداری کے ایک معاہدہ پر دستخط کرنے ہوں گے۔

چند ایک اعداد و شمار جو کہ ہم اکٹھے کرتے ہیں حساس اور ذاتی نوعیت کے ہو سکتے ہیں لہٰذا ہم ان کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کریں گے اوران کا احتیاط سے خیال رکھیں گے۔ ہم اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ہماری شائع شدہ تحقیق یامستقبل میں دوسرے تحقیق کاروں کے استعمال کے لیے دستیاب ڈیٹا میں کوئی ایسی معلومات موجود نہ ہوں جو کسی کو بھی آپ کے بارے میں جاننے میں مدد دے سکیں۔

ہم آپکی رضامندی کے ساتھ آپ کا ذاتی ڈیٹا عوامی مفاد میں انجام دی جانے والی تحقیق، ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق قانون سازی اور اس معلوماتی صفحہ میں بیان کردہ طریقوں ہی سے استعمال میں لائیں گے۔ ہم آپ کی ذاتی معلومات ASYFAIR کی تحقیقاتی ٹیم سے باہرکسی کے حوالے نہیں کریں گے اورنہ ہی ہم آپ کی ذاتی معلومات یورپی اقتصادی ایریا سے باہر منتقل کریں گے جب تک کہ وہ ملک مناسب سطح کے تحفظ کی ضمانت نہ دے دے۔

## مزید معلومات

اس پراجیکٹ کو یورپین یونین ہورائیزن 2020 کے تحقیق و تبدیلی کے پروگرام کے تحت اور یورپین ریسرچ کونسل (ای آر سی) کے مالی تعاون سے گرانٹ معاہدہ نمبرStG-2015_677917 کے تحت یونیورسٹی آف ایکسیٹر شروع کر رہی ہے۔

European Research Council
Established by the European Commission

## رابطہ کی تفصیلات

میں اور تحقیقاتی ٹیم کے باقی افراد اس تحقیق کے بارے میں کسی بھی طرح کے سوالات کے جوابات بخوشی فراہم کریں گے۔ آپ پروفیسر نک گیل، لیڈ ریسرچر(رہبر تحقیق کار) یا تحقیقاتی ٹیم کے کسی بھی دیگر فرد کے ساتھ مندرجہ ذیل تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

پراجیکٹ کے بارے میں معلومات (مختلف زبانوں میں) اس ویب سائیٹ پردستیاب ہیں: www.asyfair.com.

**پراجیکٹ لیڈ (رہبر):**

**پروفیسر نک گیل**

اسکول آف جیوگرافی
ایموری بلڈنگ
رینیس ڈرائیو
یونورسٹی آف ایکسیٹر
ایکسیٹر، EX4 4RJ
برطانیہ

ای میل: asyfair@exeter.ac.uk

ٹیلیفون: 3333 72 1392 (0) 44+
ویب سائیٹ www.asyfair.com

**تحقیق کار:**

**ڈاکٹر نیکول ہولیرر**
لیڈ ریسرچر (جرمنی)

**ڈاکٹر جسیکہ ہیمبلی**
ریسرچ فیلو (فرانس)

**ڈاکٹر ڈینیئل فشر**
ریسرچ ایسوسی ایٹ (برطانیہ)